Hamid / ADL

17-05-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---------------------------------------------------------------------

1 لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کیلئے انتخابی مہم عروج پر ہے۔ سیاسی جماعتوں کے سرکردہ رہنما ایک کے بعد ایک ریلیاں کررہے ہیں۔

2 انتخابات کے ساتویں مرحلے کیلئے نام واپس لینے کا آج آخری دن ہے۔

3 وزیراعظم نریندر مودی نے کہاہے کہ انتخابی کمیشن دنیا کیلئے ایک بہترین مثال ہے۔

4 بھارتی موسمیات محکمے نے پیر کے روز تک راجستھان، پنجاب، ہریانہ اور دلّی میں شدید گرمی کی پیش گوئی کی ہے۔ ملک کے جزیرہ نما حصے میں بارش کا سلسلہ جاری رہے گا۔

5 ٹیبل ٹینس میں منیکا بترا اور شرت کمل پیرس اولمپک کیلئے چھ رکنی بھارتی ٹیم کی قیادت کریں گے۔

6 اور باکسنگ میں نکہت زرین اور دیگر تین بھارتی کے باز قزاخستان کے آستانہ میں **Elorda Cup** کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

UP Rallies PM and Others

لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کیلئے انتخابی مہم اپنے عروج پر ہے اور مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما کئی کئی ریلیا کر رہے ہیں۔ سیاسی پارٹیوں کے رہنما آج اترپردیش میں انتخابی مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔

وزیراعظم اور بی جے پی کے سرکردہ رہنما نریندر مودی لگاتار دوسرے دن آج اترپردیش میں انتخابی مہم کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Sushil

وزیر اعظم اور سینئر **BJP** لیڈر نریندر مودی آج بارہ بنکی، فتحپور اور ہمیرپور حلقوں میں ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ سرکردہ شخصیات رائے بریلی میں ہوں گی جہاں وزیر داخلہ امت شاہ ایک سیاسی ریلی سے خطاب کریں گے۔

پورا گاندھی کنبہ بھی آج رائے بریلی میں ہوگا جہاں سونیا گاندھی، راہل گاندھی، پرینکا گاندھی کے ساتھ ساتھ ساجوادی پارٹی اکھلیش یادو ایک ساتھ ایک ریلی سے خطاب کریں گے۔

اکھلیش یادو اور راہل گاندھی امیٹھی سے کانگریس امیدوار کشوری لال شرما کے حق میں چناؤ مہم انجام دیں گے جو اسمرتی ایرانی کے خلاف انتخابات لڑرہے ہیں۔ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ آدتیہ ناتھ بلرامپور ، بارہ بنکی، لکھنؤ اور ایودھیا میں چناؤ مہم انجام دیں گے جبکہ مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو بھی **Gainsadi** آسمبلی سیٹ کے لئے چناؤ مہم انجام دیں گے۔

1

جس کے لئے ضمنی چناؤ ہوگا۔ AIMIM سربراہ اسد الدین اویسی کوشامبی ضلع میں اپنا دل Kamravadi کی صدر Pallavi Patel کے ساتھ ایک سیاسی ریلی کریں گے۔
لکھنؤ سے سشیل تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لئے میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

Chmpaign Schedule

لوک سبھا انتخابات کے باقی مرحلوں کیلئے انتخابی مہم میں تیزی آ گئی ہے جبکہ سیاسی جماعتوں کے سرکردہ رہنما ایک کے بعد ایک ریلیاں کررہے ہیں۔
وزیراعظم نریندر مودی آج مہاراشٹر میں ممبئی ساؤتھ سینٹرل لوک سبھا حلقے میں ایک ریلی کریں گے۔ کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے بھی ممبئی میں آئی این ڈی آئی اے بلاک کی ایک عوامی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔
بی جے پی کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر امت شاہ آج اترپردیش، اوڈیشہ اور جھارکھنڈ میں موجود رہیں گے۔ توقع ہے کہ اترپردیش میں وہ امیٹھی لوک سبھا حلقے میں ایک ریلی سے خطاب کریں گے۔ جھارکھنڈ میں وہ رانچی لوک سبھا حلقے میں ایک روڈ شو میں شرکت کرسکتے ہیں۔
جناب شاہ اوڈیشہ میں Rourkela میں پارٹی کی وجے سنکلپ یاترا سے بھی خطاب کریں گے۔
دلّی کے زیراعلیٰ اروند کیجریوال آج امرتسر سے پنجاب کی اپنی انتخابی مہم شروع کریں گے۔
آسام کے وزیراعلیٰ ہیمنتا بسوا شرما Kabisuryanagar،Kantabanji، Loisingha اور Delang-Kanas میں آج چار عوامی جلسے کریں گے۔ x

Punjab - Kejriwal

عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینر اور دلی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال نے کل شام امرتسر سے اپنی پارٹی کی لوک سبھا انتخابی مہم کا آغاز کیا۔ پنجاب کے وزیر اعلیٰ بھگونت مان سنگھ کے ہمراہ انہوں نے امرتسر شہر میں ایک روڈ شو کیا اور لوگوں سے اپیل کی کہ وہ ریاست کی تمام 13 سیٹوں پر عام آدمی پارٹی کو کامیاب کرائیں۔ انہوں نے کہا کہ جیل سے باہر آنے کے بعد وہ فوراً پنجاب آئے۔ وزیر اعلیٰ مان کے ساتھ جیل میں اپنی میٹنگوں کے دوران وہ پنجاب کے بارے میں اور ریاست کی عوام کے بارے میں پوچھا کرتے تھے۔

7th Phase Withdrawal

لوک سبھا انتخابات کے آخری اور ساتویں مرحلے کیلئے نام واپس لینے کا آج آخری دن ہے۔ اِس مرحلے کے تحت سات ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام ایک علاقے کی کُل 57 لوک سبھا سیٹوں پر پہلی جون کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ساتویں اور آخری مرحلے کے تحت اترپردیش اور پنجاب کی تیرہ-تیرہ، مغربی بنگال کی 9، بہار کی 8، اوڈیشہ کی 6، ہماچل پردیش کی چار، جھارکھنڈ کی تین اور مرکز کے زیرانتظام علاقے چنڈی گڑھ کی ایک سیٹ پر پولنگ ہوگی۔ سبھی مرحلوں کے ووٹوں کی گنتی چار جون کو ہوگی۔ x

UP Barabanki Constituency Profile

لوک سبھا چناؤ کیلئے اہم حلقوں کی سیریز کے تحت آج ہم اترپردیش میں بارہ بنکی پارلیمانی حلقے کے بارے میں ایک رپورٹ پیش کررہے ہیں۔ لوک سبھا چناؤ کے پانچویں مرحلے میں 20 مئی کو اترپردیش کی 14 سیٹوں پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اِس میں بارہ بنکی کی سیٹ بھی شامل ہے جو ریاستی راجدھانی لکھنؤ کے قریب ہے۔ آخری دو چناؤ میں بی جے پی کے امیدوار یہ سیٹ جیت رہے ہیں۔ اِس مرتبہ بی جے پی نے موجودہ ایم پی کا ٹکٹ منسوخ کردیا ہے اور ضلع پنچایت کی صدر راج رانی راوت کو اپنا امیدوار بنایا ہے۔ اتحاد کی جانب سے کانگریس نے Tanuj

1

Punia کو کھڑا کیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**VC- Om Avasthi**

بارہ بنکی لوک سبھا سیٹ پر پانچ آسمبلی حلقے آتے ہیں۔ اِن میں **Kursi**، زید پور، رام نگر، حیدر گڑھ اور بارہ بنکی صدر شامل ہیں۔ اِس پارلیمانی حلقے میں کُل **23** لاکھ **37** ہزار ووٹر ہیں۔ بارہ بنکی لوک سبھا سیٹ پر عوام نے ایک طویل عرصے سے کسی بھی ایک پارٹی پر اپنا اعتماد ظاہر نہیں کیا ہے۔ **17** لوک سبھا چناؤ میں سے اب تک کانگریس نے زیادہ سے زیادہ پانچ مرتبہ کامیابی حاصل کی ہے۔ بارہ بنکی لوک سبھا سیٹ جو کبھی کانگریس کا گڑھ تھی ایس پی کیلئے ایک محفوظ سیٹ بن گئی ہے۔ بی جے پی نے مودی لہر کی وجہ سے یہاں کامیابی حاصل کی تھی۔ **2014** میں بی جے پی کی پرینکا سنگھ راوت نے اور **2019** میں بی جے پی کے اپیندر سنگھ راوت نے یہاں سے ممبر پارلیمنٹ کا انتخاب جیتا تھا۔

سبھی پارٹیوں نے اپنے امیدواروں کی حمایت میں انتخابی مہم تیز کردی ہے۔

لکھنؤ سے اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں۔۔۔۔۔۔۔

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

PM Interview

وزیراعظم نریندر مودی نے کل کہاکہ انتخابی کمیشن دنیا کیلئے ایک بہترین مثال ہے۔ دلّی میں ایک میڈیا ادارے کو دیے گئے ایک انٹرویو میں جناب مودی نے اِس بات پر زور دیا کہ یہ اُن کی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے شاندار کام کے بارے میں دنیا کو بتائے۔ انہوں نے مزید کہاکہ جمہوریت میں انتخابات کو محض ہار یا جیت کے طور پر نہیں دیکھاجانا چاہیے۔ انہوں نے کہاکہ انتخابات ایک پارٹی کے پیغام کو کم یا زیادہ کیے بغیر براہ راست لوگوں تک پہنچانے کا ایک موقع فراہم کرتے ہیں۔

جناب مودی نے کانگریس پر یہ کہتے ہوئے نکتہ چینی کی کہ اُس کیلئے جمہوریت کا مطلب اقتدار میں رہنا ہے۔

SB- PM

انہوں نے مبینہ طور پر کہاکہ کانگریس پارٹی کے ممبران گاندھی کنبے کی شان وشوکت کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں۔ x

Trinidad PM Mumbai Visit

Trinidad and Tobago کے وزیر اعظم ڈاکٹر Keith Christopher Rowley بھارت کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو فروغ دینے کی غرض سے ممبئی کے دورے پر ہیں اور وہ Trinidad میں ایک کرکٹ اکیڈمی کھولنے کے معاملے پر گفتگو کریں گے۔ ڈاکٹر Keith Christoper اور اُن کی اہلیہ Sharon Rowley کا کل ممبئی کے راج بھون میں مہاراشٹر کے گورنر رمیش Bais اور محترمہ Rambai Bais نے باضابطہ استقبال کیا۔

اِس موقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر Keith Christopher Rowley نے کہا کہ بھارت کی آزادی نے Trinidad and Tobago کی آزادی کیلئے راہ ہموار کی ہے۔

بھارت کے ساتھ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کی ضرورت کا اظہار کرتے ہوئے ڈاکٹر Rowley نے کہا کہ بھارت کی سرمایہ کاری

1

Trinidad and Tobago کی ترقی میں ایک بڑا تعاون ہوگا۔ اِس سے پہلے دن میں، ممبئی میں اعلیٰ صنعتکاروں کے ساتھ اپنی میٹنگ کے بارے میں ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر Rowley نے کہا کہ بھارتی صنعتکار اُن کے ملک میں سرمایہ کاری کے بارے میں کافی مثبت دکھائی دیتے ہیں۔

Coast Guard Fishing Boats

انڈین کوسٹ گارڈ ICG نے بھارتی سمندر میں غیر قانونی طور پر مچھلیاں پکڑنے والی سری لنکا کی پانچ کشتیوں کو اپنی تحویل میں لے لیا ہے۔ ICG کے جہاز، رانی درگا وتی نے ابنائے ہرمز کے نزدیک گشت کے دوران اِن کشتیوں کو پکڑا ہے۔ یہ کشتیاں تملناڈو کے ساحل پر پوائنٹ کیریمیر سے تقریباً پندرہ میل دور مشتبہ حالت میں دکھائی دی تھیں اور پانچوں کشتیاں ہندوستانی سمندر کے اندر مچھلیاں پکڑنے میں سرگرم تھیں۔

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ چار دنوں کے دوران شمال مغربی بھارت اور بہار میں گرمی کی شدت میں اضافے کی پیش گوئی کی ہے۔
مغربی راجستھان، پنجاب، ہریانہ اور دلّی کے کچھ حصوں میں 20 مئی تک شدید گرمی جاری رہنے کا قوی امکان ہے۔ ملک کے مشرقی اور وسطی حصوں میں بھی اِس ماہ کی 18 تاریخ سے گرمی میں اضافہ ہونے کا امکان ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Pallavi

موسمیات سے متعلق محکمے نے 22 مئی تک بھارت کے جنوبی حصوں میں دور دور تک شدید بارش ہونے کی بھی پیش گوئی کی ہے۔
جنوبی بھارت کے تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کرناٹک، کیرالہ اور Mahe خطوں میں آج دور دور تک زوردار بارش ہونے کا امکان ہے۔
مشرقی بھارت میں اروناچل پردیش، سکم، آسام اور میگھالیہ میں بھی اگلے چند روز کے دوران اسی طرح کے حالات رہنے کا امکان ہے۔
IMD نے کہاہے کہ جنوب مغربی مانسون کے اگلے تین روز کے دوران جنوبی انڈومان سمندر جنوب مشرقی خلیج بنگال کے کچھ حصوں اور نکو بار جزائر میں سرگرم ہونے کا قوی امکان ہے۔
اگلے تین چار روز کے دوران شمال مغربی وسطی اور مشرقی بھارت زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں بتدریج دو سے چار ڈگری سیلسیس کے اضافے کا بھی امکان ہے۔

دلّی سے پلوی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں۔۔۔

Kerala Rain

کیرالہ میں محکمۂ موسمیات نے آئندہ دنوں میں شدید بارش جاری رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ آج چھ ضلعوں Pathanamthitta، Ernakulam،Idukki، Malapuram، Kozhikode اور Wayanad میں یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ پلکڑ اور ملپ پورم ضلعوں میں کل کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔
اِس دوران کیرالہ کے جنوبی ساحل اور لکشدیپ میں کل سے پیر کے روز تک چالیس سے 55 کلو میٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے اور موسم خراب رہنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے اور ماہی گیروں کو سمندر میں نہ جانے کیلئے کہاگیاہے۔ x

Hyderabad Heavy Rain

حیدرآباد اور اس کے مضافات میں کل شام شدید بارش ہونے سے لوگوں کو گرمی سے کافی راحت ملی۔ سکندر آباد، خیرت آباد، بیگم پیٹ، Kukatpally، امیرپیٹ اور دیگر علاقوں میں زوردار بارش ہوئی۔ Khairatabad میں سب سے زیادہ 93 اعشاریہ تین ملی میٹر بارش درج کی گئی

1

جبکہ Sheikpet میں 87 ملی میٹر سے زیادہ بارش ریکارڈ کی گئی۔
بارش کے پیش نظر وزیراعلیٰ A Reventh Reddy نے حکام سے چوکس رہنے کیلئے کہا ہے۔

Punjab Heat Wave

پنجاب میں کچھ روز سے سخت گرمی پڑ رہی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے آئندہ کچھ روز کے دوران گرمی میں مزید اضافے کی پیشگوئی کی ہے۔ ریاستی سرکار نے پہلی جون سے اسکولوں میں گرمی کی چھٹیوں کا اعلان کردیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

**VC- Shishu Sharma Shantal**

**اِن دنوں پورا پنجاب شدید گرمی کی گرفت میں ہے۔ صبح سے ہی گرم ہوائیں چلنے سے لوگ مسلسل پریشانیاں جھیل رہے ہیں اور وہاں عام زندگی بھی متاثر ہوئی ہے۔ محکمۂ موسمیات نے شدید لو سے متعلق 18 سے 20 مئی تک اورنج اور یلو الرٹ جاری کیا ہے۔ اِس مدت کے دوران درجۂ حرارت 44 سے 46 ڈگری سیلسس تک پہنچ سکتا ہے۔ اِس دوران کھیتوں میں فصل کے باقیات جلنے کے واقعات میں اضافے سے لوگوں کی پریشانیاں بڑھ رہی ہیں۔ اِن واقعات کی تعداد کل شام تک 8 ہزار 500 تک پہنچ گئی ہے۔**

**جالندھر سے ششو شرما شانتل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں۔۔۔۔۔۔**

NTA CUET

CUET ( UG) 2024 امتحان، ملک کے باہر کے 26 شہروں سمیت پورے بھارت کے 2 ہزار 157 امتحان کے مراکز پر بدھ کے روز شروع ہوئے۔ یہ امتحان ملک و بیرون ملک کے تقریباً ایک ہزار 578 امتحان سے متعلق مراکز پر منعقد کئے گئے۔

World Telecomm Day

آج ٹیلی مواصلات اور انفارمیشن سوسائٹی کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ اِس کا مقصد اُن امکانات کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے تاکہ انٹرنیٹ اور دیگر معلوماتی اور مواصلاتی ٹیکنالوجی کا استعمال سوسائٹیوں اور معیشتوں تک پہنچ سکے۔ آج کے دن ملک میں شہریوں کو بااختیار بنانے کے اپنے غیر معمولی سفر اور ڈجیٹل شعبے میں ایک عالمی لیڈر کی حیثیت سے اُس کے ابھرنے کا دن بھی منایا جاتا ہے۔ حالیہ برسوں میں ٹیلی کام سیکٹر میں خاطر خواہ ترقی کی ہے اور ٹیلی مواصلات کا محکمہ کلیدی بین الاقوامی شراکت داری اور اشتراک بھی قائم کررہا ہے تاکہ عالمی نوعیت کا ایک ٹیلی کام ماحولیاتی نظام قائم کیا جاسکے۔

Olympicks Table Tennis Squad

بھارت کی نمبر ایک خاتون ٹیبل ٹینس کھلاڑی مَنیکا بترا اور مایہ ناز کھلاڑی شرت کمل پیرس اولمپک 2024 کیلئے چھ رکنی بھارتی ٹیبل ٹینس ٹیم کی قیادت کریں گے۔ کل بھارت کی ٹیبل ٹینس فیڈریشن نے ٹیم کا اعلان کیا۔

Elorda CUP

قزاخستان کے آستانہ میں خواتین باکسنگ میں موجودہ عالمی چمپئن نکہت زرین قزاخستان کی Tomiris Myrzakul کو پانچ-صفر سے

1

ہرا کر Elorda CUP 2024 کے خواتین کے 52 کلوگرام کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ نکہت کے علاوہ 58 کلوگرام کے زمرے میں میناکشی، 50 کلوگرام میں انامیکا اور 60 کلوگرام میں منیشا بھی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ میناکشی اور منیشا نے سیمی فائنل میں شاندار طریقے سے پانچ-صفر سے جیت حاصل کی۔

فائنل مقابلے کل کھیلے جائیں گے۔ x

IPL Cricket

آئی پی ایل کرکٹ میں، سن رائزرس حیدرآباد نے پلے آف کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔ گجرات ٹائٹنز کے خلاف اُس کا میچ شدید بارش کی وجہ سے بغیر ٹاس کے رد کیے جانے کے بعد ایسا ہوا ہے۔ رائل چیلنجرس بنگلور اور چنئی سپرکنگس کے درمیان چوتھے اور پلے آف کے آخری مقام کیلئے جدوجہد جاری ہے۔

آج ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں ممبئی انڈینس کا مقابلہ لکھنؤ سپرجائنٹس سے ہوگا۔ x

یہ تھی خبریں

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......شبانہ رحمان

شکریہ -ارجمند

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردواخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخیوں میں جگہ دی ہے۔ آج کے کئی اخباروں نے لوک سبھا انتخابات کے بقیہ مرحلوں کیلئے انتخابی مہم تیز ہونے کی خبر کو سرخی بنایا ہے۔ بڑی سیاسی پارٹیوں کے لیڈر اور مہم انجام دینے والی سرکردہ شخصیات ایک کے بعد ایک روڈ شو اور ریلیاں کر رہی ہیں۔

روزنامہ ملاپ، پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس نے وزیراعظم مودی کے اس بیان کو بڑی خبربنایا ہے کہ حکومت کی فلاحی پالیسیوں سے اپوزیشن جماعتیں پریشان ہیں۔ وزیراعظم مودی نے سلوواکیہ کے وزیراعظم کے قتل کی کوشش کی شدید مذمت کی۔ اس خبر کو بھی انقلاب، راشٹریہ سہارا، ملاپ، پرتاپ سمیت تقریباً سبھی اخباروں نے پیش کیا ہے۔

روزنامہ ملاپ کی ایک خبر کے مطابق جنوب مغربی مانسون کے 31 مئی تک کیرالہ پہنچنے کا امکان۔

وزیر داخلہ امت شاہ دو روزہ دورے پر کل سری نگر پہنچے۔ مختلف وفود سے ملاقات کی پارٹی سے متعلق امور پر تبادلۂ خیال کیا۔ اس خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔

اوڈیشہ میں بھیانک سڑک حادثے میں 6 افراد ہلاک اور اندور میں خوفناک سڑک حادثے میں 8 افراد کے ہلاک ہونے کی خبر بھی آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے دی ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس کے عالمی خبروں کے صفحے کی کچھ خبریں اس طرح ہیں۔

☆ چین کے صدر شی جن پنگ نے روس کے صدر ولادیمیر پوتن سے ملاقات کی۔

☆ لبنان میں اسرائیلی فضائی حملے میں ایک شخص ہلاک۔

☆ ترکی کے وزیر خارجہ نے کینیڈا کے اپنے ہم منصب سے ملاقات کی۔

☆ انڈونیشیا میں سیلاب سے اب تک 67 اموات۔ x

1

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے کیلئے انتخابی مہم عروج پر ہے۔ سیاسی جماعتوں کے سرکردہ رہنما ایک کے بعد ایک ریلیاں کررہے ہیں۔

2 انتخابات کے ساتویں مرحلے کیلئے نام واپس لینے کا آج آخری دن ہے۔

3 وزیراعظم نریندر مودی نے کہاہے کہ انتخابی کمیشن دنیا کیلئے ایک بہترین مثال ہے۔

4 بھارتی موسمیات محکمے نے پیر کے روز تک راجستھان، پنجاب، ہریانہ اور دلّی میں شدید گرمی کی پیش گوئی کی ہے۔ ملک کے جزیرہ نما حصے میں بارش کا سلسلہ جاری رہے گا۔

5 ٹیبل ٹینس میں منیکا بترا اور شرت کمل پیرس اولمپک کیلئے چھ رکنی بھارتی ٹیم کی قیادت کریں گے۔

6 اور باکسنگ میں نکہت زرین اور دیگر تین بھارتی مکے باز قزاخستان کے آستانہ میں Elorda Cup کے فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-\-